## سوال

(181) کیا کھڑے ہو کر پیشاب کرنا منع ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کھڑے ہو کر پیشاب کرنا منع ہے ؟ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جو شخص یہ کہے کہ رسول اللہ a کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے اس کی بات نہ مانو آپ صرف بیٹھ کر پیشاب کرتے تھے ۔ ( جامع ترمذي، ابواب الطهارة، باب النهى عن البول قائما )

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اپنے علم کی بات کر رہی ہیں اور حذیفہ رضی اللہ عنہ اپنے علم کی ۔ دونوں میں کوئی تعارض نہیں ۔
صحیح بخاری : ا ۳۵ میں ہے حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :
اَتَی النَّبِیُّ ﷺ سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا
''نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی کوڑا کرکٹ کی جگہ پر آئے اور آپ ؐ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا ۔''

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد 02**